مسلمان اقلیتوں کے حالات و مسائل

سید زبیر رسول ہانگ کانگ

ہانگ کانگ میں مسلمانوں کے حالات وضروریات

ہانگ کانگ میں چالیس ہزار مسلمان ہیں (۲۰ ہزار چینی مسلمان اور باقی دوسرے ممالک سے) مگر زیادہ مقدار صرف نام ہی کے مسلمانوں کی ہے۔ غیر مسلموں کی طرح دولت کی محبت میں زیادہ دلچسپی رکھتے ہیں مگر دین میں کم —— اس لئے سخت ضرورت تھی کہ ان بھائیوں کو دین کی طرف رجوع کیا جائے۔ چنانچہ پہلی مشکل دینی کتابوں کی تھی جو چند ایک اصحاب نے اپنے جیب سے خرید کر مکتبہ کو وقف کردیں۔ جو اب تک اڑھائی سو کے قریب جمع ہوئیں۔ اللہ کے فضل سے تبلیغ کا کام شروع ہوگیا ہے۔ تبلیغی جماعتیں بھی آرہی ہیں۔ یہاں کے مسلمان دینی تعلیم میں صفر کے برابر ہیں۔ لہذا ہمارا اولین مقصد یہ ہے کہ انہیں دین سے روشناس کرایا جائے۔ گذشتہ تین سال سے دین تبلیغ کا کام جاری ہے۔ ہماری مالی حالت بھی کمزور ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تبلیغ کا کام بڑے پیمانہ پر نہیں ہو سکا۔

اس دوران ۳۵ چینی مسلمان ہو چکے ہیں۔ ان کی تعلیم کا انتظام بھی دھیرے دھیرے ہو رہا ہے۔ آپ سے درخواست ہے کہ اس سلسلہ میں ہماری مدد کریں۔ چین کے شہر CANTON میں قرآن مجید کے نسخوں کی سخت ضرورت ہے۔ آپ اس سلسلہ میں ہماری راہنمائی کریں۔ اس کے علاوہ ہمارا خیال ہے کہ قرآن مجید چینی زبان کے ترجمہ میں چھپوایا جائے۔ یہاں کے چینی مسلمان عربی پڑھنے کی کوشش نہیں کرتے۔ البتہ چینی ترجمہ پڑھ لیتے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ قرآن مجید کے دو ترجمے ہوں انگریزی اور چینی۔ اگر آپ تعاون فرمائیں اور ہمارا ہاتھ بٹائیں تو چینی زبان میں ترجمہ کا بندوبست ہم کردیں گے۔ سردست ایک ہزار قرآن مجید کے چینی زبان کے ترجمے والے نسخوں کی ضرورت ہے۔

راقم الحروف محکمہ تعلیم میں پروفیسر ہے۔ شادی بھی ایک چینی مسلمان سے ہوگئی ہے۔ میں کافی عرصہ سے پاکستان نہیں آسکا۔ دینی تعلیم میں نے اپنے والد بزرگوار سے حاصل کی تھی۔ مگر میں عالم نہیں ہوں۔ ۱۹۷۵ء سے بفضلہ تعالیٰ دین کی اشاعت و تبلیغ میں مصروف ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ غیر اسلامی ملک میں مسلمان کی زندگی کا صحیح نمونہ پیش کروں ——

رب العالمین نے میرے دل میں دین کا جذبہ پیدا فرمایا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ یہاں ایک دینی ادارہ قائم ہو جائے تاکہ بچوں کو اسلامی تعلیم سے روشناس کرایا جائے۔ شروع میں میں تن تنہا دین کی تبلیغ میں مصروف رہا۔ اور اب اللہ کے فضل سے کچھ احباب میرے ساتھ ہو گئے ہیں اور وہ دین کی خاطر ہر قسم کی قربانی دینے سے دریغ نہیں کریں گے۔

یہاں سب سے اہم ضرورت اسلامی لٹریچر کی ہے۔ اور ایسی کتابوں کی اشد ضرورت ہے جن سے عقیدہ صحیح ہو۔ (اردو یا انگریزی) اسی طرح اسلامی رسالوں کی بھی ضرورت ہے۔ تاکہ یہاں کے لوگ اسلام کو سمجھ سکیں۔ آپ ایسے رسالوں سے تعارف کرائیں۔

ہمارا ادارہ گورنمنٹ آف ہانگ کانگ نے رجسٹرڈ کر لیا ہے۔ اور میں اس ادارے کا سکریٹری ہوں۔ یہاں پر ایک مستند اور متقی عالم کی بہت کمی محسوس کی جا رہی ہے۔ بعض اوقات بہت پیچیدہ مسائل آجاتے ہیں جنہیں حل کرنے میں بہت دشواری ہوتی ہے۔ آپ کوئی ہمہ صفت موصوف عالم باعمل صحیح العقیدہ بھیجئے یا ایسے عالم دین سے ہمیں متعارف کرائیے تاکہ ان سے خط و کتابت کے ذریعہ معاملہ طے کیا جائے۔

اللہ کے فضل و کرم سے ایک جامع مسجد ستمبر تک مکمل ہو جائے گی۔ اس کے لئے بھی ایک امام کی ضرورت ہے امام کا صحیح العقیدہ ہونا ازحد ضروری ہے۔ ساتھ ہی انگریزی اور اردو میں بھی ماہر ہو۔ تحریر تقریر کے فرائض انجام دے سکتا ہو۔ اور دین کے ہر پہلو سے بخوبی واقف ہو۔ دیوبندی مسلک رکھتا ہو۔ مبلغ ہو۔ بدعات اور شرک سے متنفر ہو۔ تنخواہ معقول دی جائے گی۔ رہائش کی سہولت مفت مہیا ہوگی۔ تنخواہ ماہوار چار ہزار ڈالر ہانگ کانگ۔ یا دوسرے معنوں میں پاکستانی تقریباً آٹھ ہزار روپیہ۔

دین کی تڑپ رکھنے والے عالم، متقی اور پرہیزگار کو ہر حال میں ترجیح دی جائے گی۔ مندرجہ ذیل پتہ پر رابطہ قائم کیجئے۔

سید زبیر رسول۔ سیکریٹری

SAYYID ZUBAIR RASOOL,

SECRETARY,

AHL-I-SUNNAT WAL-JAMMAT,

P.O.BOX 60132, TAST TSZ MUI

HONG KONG.